نگران وزیرِ اعظم کے نجی ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو پر پاکستان تحریک انصاف کا ردِّ عمل

4 ستمبر 2023

- نگران وزیرِ اعظم انوار الحق کاکڑ کا 9 مئی کے واقعات کے تناظر میں بیان نہایت حیران کن اور باعثِ تشویش ہے۔
- نگران وزیرِ اعظم بادی النظر میں اب تک آئین اور اپنے مینڈیٹ کو ٹھیک طریقے سے سمجھنے سے قاصر ہیں۔
- انوار الحق کاکڑ کی حکومت کے ذمے آئین کی طے شدہ مدت یعنی 90 روز میں صاف، شفاف انتخابات کے انعقاد کی واحد ذمہ داری ہے۔
- نگران وزیرِ اعظم انتخابات کے انعقاد کے علاوہ ہر موضوع پر لب کشائی کرتے اور بیانات داغتے دکھائی دے رہے ہیں۔
- ملک حکومتی سطح پر ناقص، گمراہ کن اور مجہول بیانیوں کا مزید متحمّل نہیں ہو سکتا۔
- یہ بیانیے بلاشبہ ۹ مئی کے واقعات کے حقائق کو چھپانے کی ایک کوشش لگتے ہیں جنہیں قوم تسلیم نہیں کر رہی۔
- قوم 9 مئی کے واقعات کی تمام پہلوؤں سے غیر جانبدارانہ اور اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کی تاحال منتظر ہے۔

- نگران وزیرِاعظم کے پاس قابلِ اعتبار شواہد ہیں تو انہیں قوم کے سامنے رکھیں، ترجمان تحریک انصاف
- ریاستی ذمہ داران خصوصاً نگران حکومت کی جانب سے حسّاس قومی معاملات پر بلا تحقیق بیان بازی ملک میں انتشار کے فروغ کی موجب ہے۔
- تحریک انصاف ۹ مئی کے واقعات کے غیر جانبدار اعلیٰ سطحی عدالتی کمیشن کے ذریعے تحقیقات کے چیئرمین عمران خان کے مطالبے کا اعادہ کرتی ہے۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ